# سوال

قبر پر نماز پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وہ مائی جو مسجد نبوی ﷺ کی صفائی کرتی تھی وہ فوت ہوگئی تو صحابہ نے رات ورات جنازہ پڑھا کر دفن کر دیا تو پھر نبی کریم ﷺ نے پوچھا تو آپ ﷺ نے کہا کہ مجھے اس کی قبر دکھاؤ تو نبی کریم ﷺ نے قبر پر نماز پڑھی کیا قبر پر نماز پڑھی جا سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد کی صفائی کرنے والی مائی رضی اللہ عنہا کی قبر پر نبی کریم ﷺ نے جو نماز پڑھی تھی وہ اس مائی کی نماز جنازہ تھی۔(بخاری۔الجنائز۔باب الصلاۃ علی القبر بعدمایدفن۔ مسلم ۔الجنائز۔ باب الصلاۃ علی القبر)

اور نماز جنازہ قبر پر پڑھی جا سکتی ہے البتہ نماز جنازہ کے علاوہ دوسری نماز قبر پر پڑھنا منع ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

مساجد کا بیان ج1ص100